پندرہ روزہ

ٹورانٹو ۔ کنیڈا



25¢

جلد : ۹
شمارہ : ۱۵

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۱۰ ذوالحجہ سنہ ۱۴۰۶ھ
۱۵ اگست سنہ ۱۹۸۶ء

عید مبارک

پاکستان کی آزادی اور سلامتی امریکہ کیلئے انتہائی اہم ہے کارٹر

میرا ملک آپکے اور آپکے ملک کے عوام کے حوصلے اور جرأت کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے پاکستان اور امریکہ کے باہمی تعلقات بڑی اہمیت کے حامل ہیں (مذاکرات کے بعد اخباری نمائندوں سے امریکی صدر کی بات چیت)

دونوں رہنما خوشگوار موڈ میں تھے

ہم افغان مہاجرین کیلئے آپ کی ہمدردانہ مساعی کی قدر کرتے ہیں کارٹر

صدر نے مسکی، براؤن، بریزنسکی اور کرسٹوفر سے بھی تبادلہ خیال کیا

صدر برطانیہ، آسٹریا اور مغربی جرمنی کا بھی دورہ کرینگے

صدر ضیاء الحق وائٹ ہاؤس پہنچے تو صدر کارٹر نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔

منور حسن گیارہ ہفتہ کے غیر ملکی دورے کے بعد کراچی واپس پہنچ گئے

سلطان طلبا اور نوجوانوں کی تنظیموں کی دعوت پر امریکہ، کینیڈا، برطانیہ، آسٹریا، اور سعودی عرب کا دورہ کیا اور اجتماعات سے خطاب کیا

سید منور حسن

حکومت قومیائے گئے تعلیمی اداروں کو واپس کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی گورنر پنجاب

انفرادی اداروں کی درخواستوں پر غور کیا جا سکتا ہے

پہلے ہی خواتین کیلئے یونیورسٹی قائم کرنے کا معاملہ زیر غور ہے



کشمیر

پاکستان کا موقف بین الاقوامی اصولوں پر مبنی ہے

سانحہ طے ہو جائے تو بھارت کے ساتھ تعلقات میں مزید پیش رفت ہو سکتی ہے

امریکہ سپر پاور ہے اسے اپنی عالمی ذمہ داریاں پوری کرنا چاہئیں

وہ کسی خول میں بند نہیں ہو سکتا۔ پاکستان کو اپنے مستقبل پر پورا یقین ہے تاجروں کے استقبالیہ سے خطاب

دُنیا کو اسلام کی قوت کا خیر مقدم کرنا چاہیئے ۔ ضیاء

ہم دُنیا کو دو بڑی طاقتوں کے دائرہ اثر میں بانٹنے کی اجازت نہیں دیں گے ایسی مفاہمت جس میں دہشت کا غیر مستحکم توازن قائم ہو اسلحہ کی دوڑ جاری ہو بعض علاقوں کو کشیدگی سے پاک رکھا جائے امن کا ذریعہ نہیں بن سکتی ۔

آزادی کی رَو پلٹی نہیں جا سکتی ، گزرا ہوا کل واپس نہیں آ سکتا

لوگوں کو غلام اور ملکوں کو نو آبادی بنانے کی کوششوں کے لئے ناکامی مقدر ہو چکی ہے

مسلمانوں نے اپنے مذہب ، ثقافت ، روایات اور سیاسی نظام پر فخر کرنا سیکھ لیا ہے

اقوام متحدہ ——— [illegible]

[illegible]

صدر قومی لباس میں ملبوس تھے

نیویارک ——— صدر ضیاء الحق آج جب جنرل اسمبلی سے خطاب کرنے پہنچے تو وہ قومی لباس میں تھے۔ انہوں نے گہرے رنگ کی اچکن اور سفید شلوار پہن رکھی تھی جب کہ اچکن کی جیب میں گھڑی تھی جس کی زنجیر بٹن کے ساتھ لٹک رہی تھی۔ صدر بڑے اعتماد کے ساتھ خطاب کر رہے تھے [illegible] پاکستان کے وفد میں شامل تمام ارکان بھی اچکن اور شلوار میں ملبوس تھے [illegible]

جب صدر خطاب کر رہے تھے تو بیگم شفیقہ ضیاء الحق بھی مہمانوں کی گیلری میں بیٹھی ہوئی تھیں [illegible]

عمر شریف کو بلیک لسٹ کر دیا گیا

[illegible]

افغان عوام کی تحریک قابل احترام ہے

اس کی حمایت کی جائے گی ۔ صدر ضیاء

اقوام متحدہ ——— [illegible]

[illegible]

جنرل اسمبلی میں صدر کی تقریر ، اہم نکات

[illegible]

اقوام متحدہ میں پہلی بار قرآن کریم کی تلاوت کی گئی

صدر نے اپنی تقریر میں جگہ جگہ قرآن حکیم کے حوالے دیئے

نیویارک ——— [illegible]

[illegible]

ALL WHEELS Rent-A-Car and Driving School

Defensive Driving Course

ONTARIO SAFETY LEAGUE

- 25 hours classroom instruction
- Individual in car lessons
- Year-round courses for all ages
- Private non-course lessons also available
- Cars available for roadtest
- Course fees income tax deductible
- Certificates issued upon completion of course

up to 41% Insurance Reductions
For full details ask your insurance agent

The complete course $149.00

Take Advantage of our Student Special
Bring a friend and get this same course for only $120.00 per person.

عید مبارک

أعاده الله علیكم وعلى المسلمين
جميعاً باليمن والكرامة والقبول

Wishing You the Blessings of Eid

master charge   CHARGEX VISA

JAVAID

170 The Donway W.	499-0111	1070 Queen St. W.	533-3515
2817 Eglinton E.	264-2397	3311 Bloor St. W.	239-2326
4184 Sheppard Ave. E.	298-6635	964 Albion Road	742-5353

VISITING TORONTO
Let All Wheels Serve Your Wheel Needs

۱۶ افغان گن شپ ہیلی کاپٹروں کا پاکستانی علاقے پر پھر حملہ سرحدی چوکی پاڑہ چنار پر راکٹ برسائے

حملہ صبح پونے دس بجے ہوا۔ راکٹ دو ہزار گز کے فاصلے سے پھینکے گئے۔ تاہم سوائے ملیشیا فوج نے ہیلی کا پٹروں کو دور رکھا۔ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

افغان ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کر کے احتجاج ریکارڈ کرا دیا گیا

[illegible]

پی آئی اے کے پائلٹوں کو حفاظتی قوانین پر سختی سے عمل کی ہدایت

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ پائلٹ ایسوسی ایشن کا فیصلہ

فیصلے پر عمل درآمد سے تاخیر اور مسافروں کی پریشانی میں اضافہ ہو جائے گا

[illegible]

مصری رقص گاہوں میں معزول شاہ کے بیٹے رضا سائرس کی مصروفیات

بیگم سادات نے اپنی بیٹی سے رضا کے معاشقے کی تردید کر دی۔ بیٹا شاہ نوشیرواں رضا کا ساتھی ہے

[illegible]

محمد علی کی شکست پر ۲ افراد کی جان لے لی

[illegible]

شام میں ۲ سو اخوان کی شہادت

[illegible]

حضور خلفائے راشدین اور اہل بیت کی توہین قابل دست اندازی پولیس ہوگی

تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۹۸ میں ترمیم۔ ۳ سال قید جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی

[illegible]

زکوٰۃ کے ترمیمی آرڈیننس میں شیعہ نقطہ نظر کو شامل کر لیا گیا ہے، مفتی جعفر

[illegible]

کمزور سمجھ کر ایران پر حملہ کیا تھا

[illegible]

بھارت میں کہیں بھی بنگلہ دیشی باشندے پناہ گزین نہیں، صدر ضیاء الرحمن

آسام میں غیر مقامی باشندوں کے خلاف تحریک بھارت کا داخلی معاملہ ہے، بھارتی جریدہ کو انٹرویو

[illegible]

بحری بیڑا ہمارے علاقے سے باہر رکھو

ورنہ تصادم کیلئے تیار ہو جاؤ، امریکہ کو قذافی کا انتباہ

[illegible]

Read or Collect Books

- on Islam
- classics
- poetry
- novels

Crescent Book Service

747 Don Mills Rd., #107
Don Mills, Toronto, Ontario
Canada M3C 1T2
PHONE: (416)424-1989/493-4374

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خرید نے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

فریضہ قربانی کی ادائیگی کے لیئے ہماری خدمات حاصل کیجئے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL *At*
461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

ALL WHEELS

DRIVING SCHOOL
AND
RENT - A - CAR

JAVAID KHAN

1070 Queen St. West
Toronto, Ontario

533-3515

بنگلہ دیش سے آنے والے ۳ لاکھ بہاریوں کو کراچی اور کوٹری میں بسایا جائے گا

بنگلہ دیش شپنگ کارپوریشن، بیمان اور سوئس ایر لائنز نے سفری سہولت فراہم کرنے کی پیشکش کر دی ہے

مغربی جرمنی افغان مہاجرین کے مسائل سے نمٹنے میں پاکستان کی مدد کریگا

روس افغانستان سے فوجیں واپس بلالے، جرمن سفیر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد ۔۔۔۔ (پی پی آئی)

پاکستان نے سعودی عرب فوج نہیں بھیجی، صدر ضیا

ہم ہر مسلم ملک کی مدد کریں گے

راولپنڈی ۔۔۔۔ (پی پی آئی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے اخبارات میں شائع ہونے والی ان خبروں کی تردید کی ہے کہ پاکستان نے اپنی کوئی فوج سعودی عرب بھیجی ہے۔ غیر ملکی اخبار نویسوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب کی افواج کے افراد کو ...

پاکستان ایک مسلم ملک ہے۔

بھارت ایک اور ایٹمی دھماکہ کرے گا

کرنل ہیں فیلڈ مارشل منٹگمری کی یادداشت کو ...

اخوان کے رہنما نے ایران کا خفیہ دورہ کیا

خمینی کو اخوان کی قیادت سنبھالنے کی پیشکش

نئے آئین کے بارے میں یہ ساری گفتگو کیا ہے؟

What's all this talk about a New Constitution?

کینیڈا کے وزرائے اعلیٰ اوران کے نمائندے، کینیڈا کے آئین میں تبدیلیوں کے بارے میں پچھلے کئی ٹولوں سے بات چیت کرتے رہے ہیں۔

یہ مجوزہ تبدیلیاں بحیثیت ایک کینیڈین کے آپ کے لیئے بھی اہم ہیں اور کینیڈا کے مستقبل کے لیئے بھی۔

اگر آپ کو اس ضمن میں مزید معلومات درکار ہوں تو ذیل میں دیا ہوا کوپن پُر کرکے ڈاک سے بھیجئے۔

Publications Canada
P. O. Box 1986
Station "B"
Ottawa, Ontario
K1P 6G6

☐ براہ مہربانی مجھے آئین کی تجدید کے بارے میں معلومات فراہم کیجئے۔

☐ میرا نام اپنی باہر جانے والی ڈاک کی فہرست میں شامل کر لیجئے۔

Name

Address

City/Town

Province Postal Code

Canada

پندرہ روزہ
السلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible] (القرآن)

امریکہ بے نقاب ہو گیا

ایران اور عراق کی جنگ کی صورت حال اخبارات کے ریکارڈ پر یہ ہے کہ ایران نے خاصے وسیع رقبہ پر عراق کا قبضہ ہے جو عراق کامیابیوں کا مظہر معلوم ہوتا ہے مگر میدان جنگ کے اس نقشے سے ہٹ کر سفارتی اور سفارتی سطح پر صورت یہ نظر آرہی ہے کہ عراق جو بظاہر فاتح دکھائی دیتا ہے۔ جنگ بندی کی پیش کش کر رہا ہے اور ایران جو بظاہر شکست خوردہ نظر آتا ہے۔ آخری آدمی اور آخری گولی تک جنگ جاری رکھنے کا اعلان کر رہا ہے۔ فاتح جنگ بندی چاہتا ہے اور ہارا ہوا جنگ سے جاری رکھنے کا خواہش مند نظر آئے یہ بڑی غیر فطری سی بات ہے۔ یہی تضاد یہ ظاہر کرتا ہے کہ صورت حال وہ نہیں ہے جو نظر آرہی ہے۔

ایران سے غیر ملکیوں کے انخلا اور بھاگنے کی وہ خبریں نہیں آرہی ہیں جو عراق سے آرہی ہیں۔ ایران میں کسی غیر ملکی کے جنگ کی لپیٹ میں آکر ہلاک ہونے کی خبر نہیں آئی ہے جبکہ عراق میں غیر ملکیوں کے ہلاک ہونے کے واقعات ہوئے ہیں پھر عراق سے بھاگ آنے والے غیر ملکی عراق میں تباہی کی جو تصویر کشی کر رہے ہیں وہ بڑی ہولناک ہے۔ پاکستان کے صدر ضیاء الحق صاحب کو طیارے سے بغداد سے ۵۰ کلو میٹر دور اتر کر بذریعہ کار ۵۰ گھنٹے کا سفر طے کر کے پہنچنا پڑا۔ یہ صورت حال ظاہر کر رہی ہے کہ بغداد میں کوئی سول اور فوجی ہوائی اڈہ اس قابل نہیں رہا کہ کسی ہنگامی ضرورت کے لیے بھی استعمال ہو سکے حتیٰ کہ کوئی ہیلی پیڈ بھی محفوظ نظر نہیں آیا۔ ورنہ صدر ضیاء الحق کو کار سے سفر کی ضرورت پیش آتی۔ عراق میں تیل اور دوسری صنعتی تنصیبات کو جو نقصان پہنچا ہے وہ بہت غیر معمولی ہے۔ عراق کی یہ داخلی صورت حال ہے جس کی وجہ سے جنگ بندی عراق کی فوری ضرورت بن گئی ہے۔ عراقی بری فوج نے تو پیش قدمی کی مگر ایرانی فضائیہ نے عراق پر اپنی برتری کا تسلیم کرائی اور دشمن کی فضائیہ کے غالب آنے کے بعد کوئی بری فوج دشمن کی سرزمین پر اپنا قبضہ تا دیر قائم نہیں رکھ سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ ایران عراقی فوج کو اپنی سرزمین سے نکالے بغیر جنگ بندی قبول کرنے کو تیار نہیں۔ اسے یا لآخر اپنی کامیابی کا یقین ہے۔

ایران کے ایک اخبار میزان نے عراق سے جنگ کے دوران جنگی قیدی بنائے جانے والے عراقی پائلٹوں کا ایک انٹرویو شائع کیا ہے جس میں اس امر کا اعتراف کیا گیا ہے کہ عراق نے ایران سے جنگ چھیڑنے سے قبل اس کی فضائی طاقت کا بہت غلط اندازہ لگایا تھا۔ ان کے بقول ہمارے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ ایرانی فضائیہ اتنی طاقت ور ہوگی۔ اور یہی امر واقعہ ہے مگر عراق کو اس کا اندازہ کیوں نہیں تھا؟ اور نادانی میں جنگ کیوں چھیڑ لی یہ سوال خاصا اہم ہے۔

جسارت نے دو روز قبل لندن کے ڈیلی ٹیلیگراف میں شائع ہونے والی جان بلوچ کی وہ ہوائی خبر شائع کی تھی جس میں تاس جنگ کے بارے میں امریکہ کے سیارچوں سے ملنے والی معلومات کے تحت کئے گئے تجزیے کی ذیل میں اس جنگ کے بعض حیرت انگیز پہلوؤں کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ خبر کا ایک حصہ یہ تھا: "کچھ اور حیرت انگیز باتیں بھی منظر عام پر آئی ہیں۔ مغرب میں عام طور پر یہ تسلیم کیا جاتا تھا کہ ایران میں جو انتشار اور بدامنی رہی اور امریکہ سے سامان جنگ کی رسد کا جو انقطاع رہا اس کی وجہ سے ایرانی فضائیہ کسی جنگ میں چار ہفتہ زیادہ دیر تک برقرار نہیں رکھ سکے گی۔ کیونکہ بہت کم جنگی طیارے فضا میں آسکیں گے۔ مگر حقیقت اس کے برعکس رہی ایرانیوں کو اپنے طیارے فضا میں رکھنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ اور ایرانی فضائیہ کے طیاروں نے جنگ کا دائرہ بغداد کے قلب تک وسیع کر دیا۔ جس سے عراقیوں کو حیرت بھی ہوئی اور پریشانی بھی۔ مزید یہ کہ ایرانی طیاروں نے جن ٹھکانوں کو ہدف بنایا ان کے انتخاب میں جنگی منصوبہ بندی کی مہارت اور ذہانت جھلکتی ہے۔ یہ دونوں باتیں اہل مغرب اور عراقیوں کے لئے بعید از قیاس تھیں کیونکہ ان کے خیال میں ایرانی فضائیہ سے سینئر حکام کے اخراج کے بعد ایرانی فضائیہ سے اس اہلیت کی توقع نہیں کی جا سکتی تھی۔ ایک اور مفروضہ جس کی بنیاد پر عراقی صدر صدام حسین نے یہ جنگ چھیڑی یہ تھا کہ جیسے ہی ایران پر عراق حملہ ہوگا۔ ایران کے اندر جلاوطن ایرانیوں کے اشارے پر عوام حکومت کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں گے اور یا پھر فوج بغاوت کر دے گی۔ یہ یقین دہانی عراقی صدر کو جلاوطن ایرانیوں کے ذریعے کرائی گئی تھی۔ لیکن عراقی صدر کو جب یہ معلوم ہوا کہ یہ یقین دہانی غلط ہے تو اس وقت تک بہت دیر ہو چکی تھی اور عراقی فوجوں کو حملے کی ہدایت دی جا چکی تھی۔"

یہ خبر اس سوال کا جواب ہے کہ عراق کو صحیح صورت حال کا اندازہ کیوں نہیں تھا اور نادانی میں انہوں نے جنگ کیوں چھیڑ لی۔ عراقی صدر صدام حسین صاحب کا سارا انحصار مغربی ذرائع کی مہیا کردہ خفیہ اطلاعات اور امریکی وظیفہ خوار شاہ پرست جلاوطن ایرانیوں پر تھا۔ اس طرح گویا یہ بات واضح ہو گئی کہ ایران و عراق کی یہ جنگ امریکی حکمت عملی کا نتیجہ تھی اور جان بوجھ کر عراق کو غلط حقائق اور اطلاعات مہیا کر کے جنگ پر اکسایا گیا اور دھوکے سے کردو مسلم ملکوں کو لڑوا دیا گیا۔ اس جنگ کا مقصد محض ایک ایسی صورت حال پیدا کرنا تھا جس کے پیدا ہونے کے بعد امریکہ کو مداخلت کا معقول بہانہ مل سکے اور امریکہ فوجی مداخلت کر کے ایرانی انقلاب کو ملیا میٹ کر سکے۔ اس منصوبے میں امریکہ کو روس کی پوری حمایت حاصل ہے کیونکہ روس خود کو اس جنگ سے بہت پراسرار طور پر لاتعلق ظاہر کر رہا ہے۔

اس جنگ کے دوران امریکہ اور روس نے اپنے اصل عزائم کو رائے عامہ سے مخفی رکھنے کے لیے بار بار یہ اعلانات کئے کہ وہ اس جنگ میں غیر جانبدار رہیں گے اور الگ رہیں گے۔ گزشتہ روز ہی امریکی وزیر خارجہ مسٹر ایڈمنڈ مسکی نے کہا کہ امریکہ ایران اور عراق کے تنازعے میں مکمل طور پر غیر جانبدار رہے گا۔ مگر ادھر امریکی وزیر خارجہ یہ فرما رہے تھے اور دوسری طرف امریکی صدر کارٹر اپنے تمام تباہ کن جنگی جہازوں کو ہدایت جاری کر رہے تھے کہ آبنائے ہرمز میں پہنچیں۔ چنانچہ بحر ہند، بحیرۂ عرب، بحرالکاہل اور دوسرے تمام مقامات سے امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے جہاز آبنائے ہرمز کی طرف بڑھنا شروع ہو گئے ہیں۔ کارٹر صاحب نے کسی کارروائی کی منظوری کے لیے کانگریس کا ہنگامی اجلاس بھی طلب کیا ہے۔ گویا عراق کو ایران کے خلاف جنگ کے لیے اکسانے سے امریکہ کا مطلب صرف اتنا تھا کہ عالمی رائے عامہ کے سامنے آبنائے ہرمز کی بندش کا خطرہ آجائے۔ اور یہی وہ صورت حال اور بہانہ تھا جو امریکہ کو ایران عراق جنگ سے پیدا کرنا مطلوب تھا کہ یہ ایران کے خلاف امریکی کارروائی اور اقدام کا جواز بن سکے۔ اب گویا ایران کے خلاف عراق کا کردار ختم ہو گیا۔ اب ایران کے خلاف امریکی اقدام کے لیے فضا تیار ہو گی۔ یہی وہ پس منظر ہے۔

آئینہ حیاتِ طیبہ

حضور اکرمؐ کی زندگی کے چند اہم واقعات

[illegible] ولادت باسعادت بمقام مکہ معظمہ۔

[illegible] آنحضرتؐ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کا [illegible] ابواء کے مقام پر [illegible] انتقال ہو گیا۔

[illegible] قریش نے سیلاب کی وجہ سے منہدم ہو جانے کے بعد خانہ کعبہ کی از سر نو تعمیر کی تو حجر اسود نصب کرنے کے سلسلے میں قبائل کے درمیان خونریزی کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ [illegible] انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ جو شخص باب الصفا سے حرم میں سب سے پہلے داخل ہو، اس کو حکم بنایا جائے اور اس کے فیصلے پر عمل کیا جائے۔ اتفاق سے آنحضرتؐ سب سے پہلے حرم میں داخل ہوئے تو سب نے کہا [illegible] ہم اس کا فیصلہ قبول کریں گے۔ آنحضرتؐ نے [illegible] حجر اسود کو [illegible] چادر [illegible] اٹھایا [illegible]۔ اس کے بعد آنحضرتؐ نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو نصب کر دیا اور اس طرح آپ کی حسن تدبیر سے خونریزی کا خطرہ ٹل گیا۔

[illegible] حضرت خدیجہؓ بنت خویلد سے آنحضرتؐ کا نکاح ہو گیا۔ [illegible] اس وقت آپ کی عمر ۲۵ سال اور حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس سال تھی۔

[illegible] غار حرا میں عبادت کے دوران پہلی بار وحی نازل ہوئی اور قرآن حکیم کے نزول کا آغاز ہوا اور آنحضرتؐ کو مرتبہ رسالت عطا کیا گیا۔ سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ [illegible] اسلام لائیں [illegible]

[illegible] ایمان لائے۔ ان کے بعد حضرت علی ابن ابی طالب، حضرت ابوبکر صدیقؓ مسلمان ہو گئے۔

[illegible] نبوت کے پانچویں سال کے دوران رجب کے مہینے میں مسلمانوں کی ایک جماعت نے حبشہ ہجرت کی۔ حضرت جعفر بن ابی طالب اس جماعت کے سربراہ تھے [illegible] ساتھیوں کی کل تعداد [illegible] تھی جن میں [illegible] شامل تھیں، جن میں حضرت سودہؓ، حضرت ام حبیبہؓ اور آنحضرتؐ کی بیٹی رقیہ بھی تھیں۔ [illegible]

[illegible] ہوا۔

[illegible] حضرت حمزہ ابن عبدالمطلب [illegible] آنحضرتؐ کے چچا تھے۔ اور حضرت عمر ابن الخطاب ایمان لائے اور خانہ کعبہ میں آنحضرتؐ اپنے صحابیوں سمیت نماز پڑھنے لگے [illegible]

[illegible] نبوت کے ساتویں سال مکے والوں نے مسلمانوں کا بائیکاٹ کر دیا [illegible] شعب ابی طالب [illegible]

[illegible] نبوت کے دسویں سال [illegible] کفار کا معاہدہ ختم ہو گیا۔ اسی سال آپ کے چچا ابوطالب اور حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہو گیا۔ یہ سال عام الحزن کے نام سے مشہور ہے۔ [illegible] اسی سال آنحضرتؐ نے قبائل عرب کو [illegible] اور تبلیغ دین کے سلسلے میں طائف تشریف لے گئے [illegible] دعوت اسلام قبول کرنے کی [illegible]

[illegible]

انتخاب

یہ پہلا موقع ہے کہ ہندوستان سے اُردو ادب کے کچھ نامور شعراء شمالی امریکہ میں مدعو کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر ہم اپنے مہمان شعراء میں سے چند کے کلام کا انتخاب پیش کر رہے ہیں۔ امید ہے قارئین اسے پسند فرمائیں گے۔ (ادارہ)

غزل



کیفی اعظمی

شگفتگی کا لطافت کا شاہکار ہو تم
فقط بہار نہیں حاصلِ بہار ہو تم
رعنائیوں کی تمنا نزاکتوں کی مراد
غرور کلیوں کا پھولوں کا انکسار ہو تم
جسے ترنگ میں فطرت نے گنگنایا تھا
وہ بھیرویں ہو وہ دیپک ہو وہ ملہار ہو تم
تمہارے جسم میں خوابیدہ ہیں ہزاروں راگ
نگاہ چھیڑتی ہے جس کو وہ ستار ہو تم
جسے اٹھا نہ سکے جستجو وہ موتی ہو
جسے نہ گوندھ سکے آرزو وہ ہار ہو تم
جسے نہ بوجھ سکے عشق وہ پہیلی ہو
قرار چھین لیا جس نے وہ قرار ہو تم
خدا کرے کسی دامن میں جذب ہو نہ سکیں
یہ میرے اشک حسیں جن سے آشکار ہو تم

ایک لڑکا

اختر الایمان

دیارِ شرق کی آبادیوں کے اونچے ٹیلوں پر
کبھی آموں کے باغوں میں کبھی کھیتوں کی مینڈوں پر
کبھی جھیلوں کے پانی میں کبھی بستی کی گلیوں میں
کبھی کچھ نیم عریاں کمسنوں کی رنگ رلیوں میں
سحر دم جھٹپٹے کے وقت راتوں کے اندھیرے میں
کبھی میلوں میں ناٹک ٹولیوں میں ان کے ڈیرے میں
تعاقب میں کبھی گم تتلیوں کے سونی راہوں میں
کبھی ننھے پرندوں کی نہفتہ خواب گاہوں میں
برہنہ پاؤں جلتی ریت یخ بستہ ہواؤں میں
گریزاں بستیوں سے مدرسے سے خانقاہوں میں
کبھی ہم سن حسینوں میں بہت خوش کام و دل رفتہ
کبھی پیچاں بگولہ ساں، کبھی جیوں چشم خوں بستہ
ہوا میں تیرتا خوابوں میں بادل کی طرح اڑتا
پرندوں کی طرح شاخوں میں چھپ کر جھولتا مڑتا
مجھے اک لڑکا آوارہ منش، آزاد، سیلانی
مجھے اک لڑکا جیسے تند چشموں کا رواں پانی
نظر آتا ہے یوں لگتا ہے جیسے یہ بلائے جاں
مرا ہمزاد ہے، ہر گام پر، ہر موڑ پر جولاں
اسے ہمراہ پاتا ہوں، یہ سائے کی طرح میرا
تعاقب کر رہا ہے جیسے میں مفرور ملزم ہوں
یہ مجھ سے پوچھتا ہے اخترالایمان تم ہی ہو؟

○

خدائے عزوجل کی نعمتوں کا معترف ہوں میں
مجھے اقرار ہے اس نے زمیں کو ایسے پھیلایا
کہ جیسے بستر کمخواب ہو، دیبا و مخمل ہو
مجھے اقرار ہے یہ خیمۂ افلاک کا سایہ
اسی کی بخششیں ہیں اس نے سورج چاند تاروں کو
فضاؤں میں سنوارا، اک حد فاصل مقرر کی
چٹانیں چیر کر دریا نکالے، خاک اسفل سے
مری تخلیق کی، مجھ کو جہاں کی پاسبانی دی
سمندر موتیوں مونگوں سے کانیں لعل و گوہر سے
ہوائیں مست کن خوشبوؤں سے معمور کر دی ہیں
وہ حاکم قادر مطلق ہے، یکتا اور دانا ہے
اندھیرے کو اجالے سے جدا کرتا ہے، خود کو میں
اگر پہچانتا ہوں اس کی رحمت اور سخاوت ہے
اسی نے خسروی دی ہے لئیموں کو مجھے نکبت
اسی نے یاوہ گویوں کو مرا خازن بنایا ہے
تونگر ہرزہ کاروں کو کیا دریوزہ گر مجھ کو
مگر جب جب کسی کے سامنے دامن پسارا ہے
یہ لڑکا پوچھتا ہے اخترالایمان تم ہی ہو؟

○

معیشت دوسروں کے ہاتھ میں ہے میرے قبضے میں
جز اک ذہن رسا کچھ بھی نہیں پھر بھی مگر مجھ کو
خروش عمر کے اتمام تک اک بار اٹھانا ہے
عناصر منتشر ہو جانے، نبضیں ڈوب جانے تک
نوائے صبح ہو یا نالۂ شب کچھ بھی گانا ہے
ظفر مندوں کے آگے رزق کی تحصیل کی خاطر
کبھی اپنا ہی نغمہ ان کا کہہ کر مسکرانا ہے
وہ خامہ سوزی شب بیداریوں کا جو نتیجہ ہو
اسے اک کھوٹے سکے کی طرح سب کو دکھانا ہے
کبھی جب سوچتا ہوں اپنے بارے میں تو کہتا ہوں
کہ تو اک آبلہ ہے جس کو آخر پھوٹ جانا ہے
غرض گرداں ہوں باد صبح گاہی کی طرح لیکن
سحر کی آرزو میں شب کا دامن تھامتا ہوں جب
یہ لڑکا پوچھتا ہے اخترالایمان تم ہی ہو؟

○

یہ لڑکا پوچھتا ہے جب تو میں جھلا کے کہتا ہوں
وہ آشفتہ مزاج، اندوہ پرور، اضطراب آسا
جسے تم پوچھتے رہتے ہو کب کا مر چکا ظالم
اسے خود اپنے ہاتھوں سے کفن دے کر فریبوں کا
اسی کی آرزوؤں کی لحد میں پھینک آیا ہوں
میں اس لڑکے سے کہتا ہوں وہ شعلہ مر چکا جس نے
کبھی چاہا تھا اک خاشاکِ عالم پھونک ڈالے گا
یہ لڑکا مسکراتا ہے، یہ آہستہ سے کہتا ہے
یہ کذب و افترا ہے، جھوٹ ہے، دیکھو میں زندہ ہوں

○

بہت قریب ہو تم

سردار جعفری

بہت قریب ہو تم پھر بھی مجھ سے کتنی دور
کہ دل کہیں ہے، نظر ہے کہیں، کہیں تم ہو
وہ جس کو پی نہ سکی میری شعلہ آشامی
وہ کوزۂ شکر و جام انگبیں تم ہو
مرے مزاج میں آشفتگی صبا کی ہے
ملی کلی کی ادا گل کی تمکنت تم کو
صبا کی گود میں پھر بھی صبا سے بیگانہ
تمام حسن و حقیقت تمام افسانہ

وفا بھی جس پہ ہے نازاں وہ بے وفا تم ہو
جو کھو گئی ہے مرے دل کی وہ صدا تم ہو
بہت قریب ہو تم پھر بھی مجھ سے کتنی دور
حجاب جسم ابھی ہے حجاب روح ابھی
ابھی تو منزل صد مہر و ماہ باقی ہے
حجاب فاصلہ ہائے نگاہ باقی ہے

وصال یار ابھی تک ہے آرزو کا فریب

اُردو سوسائٹی آف امریکہ اینڈ کینیڈا
انڈیا آرٹس اکاڈمی کے تعاون سے
امریکہ اور کینیڈا کے مختلف بڑے شہروں میں
پیش کرتی ہے
"اپنی نوعیت کا پہلا"
شاندار اُردو مشاعرہ
جس میں علمی دنیا اور اُردو ادب و ہندی کے مایۂ ناز شعراء و ادیب
کیفی اعظمی، مجروح سلطانپوری، سردار جعفری
عزیز قیسی، اختر الایمان، اندلور، مینا قاضی
بیکل اتساہی، حسن کمال اور واجدہ تبسم
شرکت کر رہے ہیں۔
ٹورانٹو میں یہ مشاعرہ ۲۵ / اکتوبر کو نارتھرن سکنڈری اسکول میں ہوگا
جس کی تفصیلات 2858 449 یا 1739 276 سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔
مزید معلومات کے لیے ذیل کے فون پر رابطہ قائم کیجیے
(312) 262-2960

غزل

عزیز قیسی

تمیز اپنے میں غیر میں کیا نہیں جو اپنا نہ کر سکے ہم
ہر ایک محفل ہوئی گوارا تمہاری محفل سے کیا اٹھے ہم
سحر پشیماں آرزو تھا، چراغ شب تھے سو جل بجھے ہم
خراج اشکوں کا خون دل سے جو ہم کو دینا تھا دے چکے ہم
نہ شمع کانپی نہ گیت ڈوبے اٹھے جو ہم اس کی انجمن سے
چلو بس اچھا ہوا کہ ایسے کہاں کے عقل و خرد تھے ہم
نہ ہم سیاہی نہ ہم اجالا، چراغ ہیں اشک آرزو کے
کہ ہم سر دشت بیکراں ہیں سلگتے رہتے ہیں شام سے ہم
نظر ملاؤ تو جھوم جائیں، نظر جھکا لو تو ڈگمگائیں
تمہاری نظروں سے سیکھتے ہیں طریق ہیبت و حیا کے ہم
کریں جو شکوہ زباں کہاں ہے زباں ہیں تاب فغاں کہاں ہے
کہاں کا پردیس کیسی غربت دلوں کی گلیوں میں لٹ گئے ہم
عزیز قیسی کہاں رہے تم گزر رہی ہے شب کی انجمن میں
ہجوم نغمہ میں ذکر حسن کرشمہ دوانے کا روٹھے ہے ہم

امریکی سینیٹ نے ۴۶ کے مقابلے میں ۴۸ ووٹوں سے بھارت کو یورینیم فراہم کرنے کی منظوری دے دی

صدر کارٹر نے بھارت کے حق میں فیصلہ حاصل کرنے کیلئے خود کنویسنگ کی

بھارت کو ایٹمی مراکز کے بین الاقوامی حفاظتی انتظامات تسلیم کیے بغیر بھی یورینیم ملے گا

واشنگٹن — [illegible]

[illegible]

ہم کسی کو نہیں جانتے

[illegible]

ببرک کارمل

ایک حکمران جس کی حکومت کا کہیں وجود نہیں

اسلام آباد — [illegible]

[illegible]

ایران کو اسرائیل کی پیش کش

[illegible]

نئے کینیڈا سیونگز بانڈز

NEW CANADA SAVINGS BONDS

ان بانڈز میں اچھی سرمایہ کاری کی تمام اعلیٰ خصوصیات موجود ہیں۔

لاکھوں کینیڈین لوگوں کے لیے کینیڈا سیونگز بانڈز ہمیشہ سے ایک با اعتماد سرمایہ کاری رہے ہیں جن میں کئی اچھی اور نمایاں خوبیاں ہیں۔

ایک بار اگر آپ یہ خصوصیات سمجھ جائیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ یہ بانڈز کتنی اچھی سرمایہ کاری ہیں اور کس قدر فائدہ مند ہیں۔

عمدہ تحفظ کینیڈا سیونگز بانڈز ایک محفوظ سرمایہ کاری ہے جسے کینیڈا کے تمام خزانوں کی حمایت حاصل ہے۔ جب آپ کینیڈا سیونگز بانڈز خریدتے ہیں تو اس کا یقین رکھ سکتے ہیں کہ آپ کا پیسہ ہمیشہ محفوظ رہے گا۔

عمدہ لچک نئے کینیڈا سیونگز بانڈز کسی بھی وقت آسانی سے کیش کرائے جا سکتے ہیں۔ اس طرح آپ پر کوئی بندش نہیں ہے۔ اور اگر آپ ۳۱ دسمبر ۸۰ء کے بعد کبھی بھی نئے بانڈز کیش کرالیں تو آپ پر کوئی شرح سود کا جرمانہ نہیں لگایا جائے گا۔ یکم نومبر ۸۰ء سے مدت ختم ہونے تک ہر مہینے کا پورا سود آپ کو ملے گا۔ (اگر آپ اپنے نئے بانڈز یکم دسمبر ۸۰ء سے پہلے کیش کرالیں تو آپ کو صرف اتنی ہی رقم ملے گی جو کہ آپ کے بانڈ پر تحریر کی گئی ہے)۔

نئے کینیڈا سیونگز بانڈز آپ ایک سو ڈالر سے لے کر ۲۵ ہزار ڈالر کی حد تک نقد کیش پر یا قسطوں پر خرید سکتے ہیں۔

کینیڈا سیونگز بانڈز آپ کو دو طرح کے بانڈز کے انتخاب کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ایک ریگولر انٹرسٹ بانڈز جو ہر نومبر کی پہلی تاریخ کو بذریعہ چیک سود ادا کرتے ہیں۔ یا یہ سود سیدھے آپ کے اکاؤنٹ میں چلا جاتا ہے۔

دوسرے کمپاؤنڈ انٹرسٹ بانڈز ہوتے ہیں جو خود بخود آپ کے سود کو دوبارہ سرمایہ کاری میں لگاتے ہیں۔ اس طرح سود پر سود ملتا رہتا ہے۔

ہر سو ڈالر کا کمپاؤنڈ انٹرسٹ بانڈ سات سال کی مدت ختم ہونے پر ۲۰۱ ڈالر اور ۱۶ سینٹ بن جاتا ہے۔

عمدہ معاوضہ کینیڈا سیونگز بانڈز آپ کی آمدنی کا اچھا معاوضہ دیتے ہیں۔ خصوصاً اس وقت جبکہ آپ ان تمام نمایاں خصوصیات پر غور کرتے ہیں جو وہ مہیا کرتے ہیں۔

نئے بانڈز کی تاریخ یکم نومبر ۸۰ء ہے اور ان پر ساڑھے دس فی صد سالانہ سود ملتا ہے جو ان کی مدت کے اختتام یعنی ۸۷ء تک ملتا رہتا ہے۔

آپ کینیڈا سیونگز بانڈز کسی بھی منظور شدہ ایجنٹ سے خرید سکتے ہیں بشمول بینک، سرمایہ کاری کے ایجنٹ، اسٹاک بروکرز، ٹرسٹ کمپنی اور کریڈٹ یونین۔

آج ہی اپنے بانڈز خریدیے!

10½%

EVERY YEAR FOR 7 YEARS

ساڑھے دس فیصد سود

ہر سال، ۷ سال کی مدت تک

ہمیشہ عمدہ!

ALWAYS GOOD!

Canada

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

کالج میں زیر تعلیم ۱۸ سالہ سنی مسلمان کینیڈین شہریت رکھنے والی خوب صورت دوشیزہ کے لیے اندرون ۲۵ سالہ میڈیکل یا انجینئرنگ گریجویٹ یا طالب علم کا رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند مکمل تفصیلات تحریر فرمائیں:

786 C/O AL-HILAL

•

پنجابی معزز خاندان سے تعلق رکھنے والے کینیڈین سیٹیزن اور تعلیم یافتہ نوجوان کے لیے پاکستانی اعلیٰ خاندان کی خوب صورت اور تعلیم یافتہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ پہلے ہی خط میں تفصیلات سے آگاہ کیجیے!

M.N. C/O AL-HILAL

•

نوٹ: ضرورت رشتہ کے سلسلے میں جو خطوط "کریسنٹ" یا "الہلال" کی معرفت وصول ہوتے ہیں وہ لفافہ کھولے بغیر مشتہرین تک بھیج دیا جاتا ہے۔ قارئین پورے اعتماد کے ساتھ خط لکھیں۔ (ادارہ)

PIZZERIA

برائے فروخت

تمام ضروری سامان یعنی دو عدد اوون، دو عدد فریج، اسٹو، مکسر، ٹیبل، فریزر، کیش رجسٹر وغیرہ سے آراستہ ڈاؤن ٹاؤن میں واقع، ٹیک آؤٹ اور ڈلیوری کی PIZZA کی دکان جس کی سالانہ فروخت $100,000 تک ہے $28,500 میں فروخت کی جا رہی ہے۔

مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:

MR. PRIMUCCI
438-2574

نوٹ

قارئین نوٹ فرمالیں کہ اس اخبار کا پچھلا شمارہ حسب ذیل تاریخ کو ڈاک کے حوالے کیا گیا تھا۔ اگر آپ کو اخبار دیر سے ملتا ہو تو اپنے علاقے کے پوسٹ آفس سے شکایت کیجیے۔

1376
30 X 1980
MILLS
N

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

سوئروں کی عید ۔ گزشتہ عید بھارتی پولیس نے مراد آباد کی عید گاہ میں مسلمانوں کا قتل عام کیا ۔ اس تصویر میں بے گناہ مارے جانے والے مسلمانوں کے مردہ جسموں پر سوئر عید منا رہے ہیں ۔ یہ تصویر ایک ہندو فوٹو گرافر وجیندر اتیاگی نے کھینچی تھی جسے ایک بھارتی ہفت روزہ "اصلی بھارت" نے شائع کیا ۔ مگر بھارتی عوام تک پہنچنے سے پہلے ہی یہ جریدہ سنسر کا شکار ہو گیا ۔ (ادارہ)

ایران عراق جنگ بند کرانے کیلئے مسلم وزرائے خارجہ کا ہنگامی اجلاس طلب کیا جائے گا قذافی

صدر ضیاء الحق اور دوسرے مسلم سربراہوں کے نام لیبیا کے سربراہ کے پیغامات ۔ اجلاس طرابلس میں منعقد کرنے کی تجویز

راولپنڈی ۔۔۔ ایران عراق جنگ بند کرانے کیلئے اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کا ہنگامی اجلاس طلب کیا جائے گا۔ [illegible]

حکومت تجارتی بنیادوں پر ائیر پورٹ اتھارٹی قائم کرنے پر غور کر رہی ہے انور جمال

اندرون ملک پروازوں میں فوکر کی جگہ جیٹ طیارے استعمال کئے جائیں گے

لاہور ۔۔۔ [illegible]

کینیڈا چین میں دو قونصل خانے قائم کریگا

[illegible]

بھارت میں ایرانی طلبہ اور پولیس میں جھڑپیں

[illegible]

بلوچستان میں ناقابل اعتراض حق جا نمازیں

اور جوتوں اموٹرز کا اشتہاری کتابچہ ضبط

[illegible]

انیشیا کے سب سے لمبے آدمی کیلئے خصوصی لائسنس

[illegible]

ایران و عراق میں جلد جنگ بندی کا امکان نہیں صدر ضیاء

مشن کے نتائج سے پر امید ہوں ، رپورٹ اسلامی کانفرنس کو دوں گا ، پیرس میں صحافیوں سے بات چیت

پیرس ۔۔۔ صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے [illegible]

اقوام متحدہ میں بھارت کے خلاف کشمیریوں کا زبردست مظاہرہ

حق خود ارادیت اور شیخ عبداللہ کی گرفتاری کے خلاف احتجاجی یادداشت پیش کی

اقوام متحدہ ۔۔۔ [illegible]

عید مبارک

ہم اپنے تمام کرم فرماؤں ، کاروباری معاونین ، ملازمین اور ان کے احباب کو صدق دل سے عید سعید کا ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں اور نیک دعاؤں کے ساتھ ان کی خوشیوں میں شریک ہیں ۔

AFRO ASIAN FOODS

AHMAD'S GROCERS LTD.

AHMAD'S GROCERS LTD.
936 PAPE AVENUE
PHONE: 425-7333

AND

AFRO ASIAN FOODS
918 PAPE AVENUE
PHONE: 463-1287

بازگشت

(شمالی امریکہ کے اردو شعراء کا منتخب کلام)

شائع ہو گیا ۔

قیمت ۵ ڈالر ۔ ڈاک خرچ ۵۰ سینٹ ۔ اپنا کاپی کے لیے چیک یا منی آرڈر ذیل کے پتہ پر روانہ کیجیے

CRESCENT PUBLICATION
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont.
CANADA M2H 2P6

پروفیسر لطیف احمد خان

عدالتِ عالیہ یحییٰ خان کو غاصب قرار دے چکی ہے

پاکستان کے تیسرے صدر آغا محمد یحییٰ خان بھی انتقال کر گئے۔

انہوں نے ۲۵ مارچ ۱۹۶۹ء کو اقتدار سنبھالا تھا اور جب وہ اقتدار سے دستبردار ہوئے تو عدالت عالیہ نے اپنے ایک فیصلے میں انہیں غاصب قرار دیا۔ سابق حکومت نے جنوری ۱۹۷۲ء میں آغا محمد یحییٰ خان کی نظر بندی کا اعلان جاری کیا اور انہیں نظر بندی کی کوئی وجوہات سے واقف نہیں کرایا گیا۔

ان وجوہات میں آغا محمد یحییٰ خان پر پاکستان کو تقسیم کرانے، مسلح افواج کو کمزور کرنے اور مشرقی پاکستان میں فوجی ایکشن اور ... جمہوریت کا گلا گھونٹنے کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔

لیکن ان سنگین الزامات کے باوجود آغا محمد یحییٰ خان کے خلاف نہ کوئی مقدمہ قائم کیا گیا اور نہ ہی ...

نوعیت تھی۔

۱۹۵۸ء کے ایوبی انقلاب تک آغا محمد یحییٰ خان سیاسی سطح پر کہیں بھی سرگرم نظر نہیں آتے وہ ایک اچھے سپاہی کی طرح اپنے پیشے کے وفادار تھے۔

لیکن ۱۹۵۸ء میں جب اسکندر مرزا اور ...

ایوب خان کے ساتھیوں میں یحییٰ خان کو خاص مقام حاصل تھا اور ۱۹۵۸ء کی کارروائی کے وہ اہم کردار تھے

یحییٰ خان انہیں یقین دلا چکے تھے کہ مارشل لا لگنے والا ہے اور ایوب خان کی کنونشن مسلم لیگ کا تین کروڑ روپیہ ضبط ہو جائے گا۔

یحییٰ خان کے ایک پرانے دوست سیاستدان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہوں نے یحییٰ خان ہی کے مشورے پر ۱۹ مارچ ۱۹۶۹ء کو اپنی ذاتی قیادت میں ایک متوازی مسلم لیگ کے قیام کا اعلان کیا۔

یہی حال آزادی صحافت کا تھا۔

[illegible]

آزاد ہندوستان کا جلیانوالہ باغ

روزنامہ نقیب پٹنہ

آزادی کے بعد سے اب تک ہزاروں فساد ہو چکے ہیں۔ اور زبردست جانی و مالی نقصان کے باوجود مسلمان ہی ملزم ٹھہرائے جاتے ہیں

[illegible]

برِ صغیر کے عظیم گلوکار

محمد رفیع

سے ایک انٹرویو

تقریباً ڈیڑھ دو سال پہلے زیرِ نظر مضمون کے مصنف جناب محمد رزاق سیالکوٹ گئے تھے جہاں انہوں نے مشہور گلوکار محمد رفیع مرحوم کا انٹرویو قلمبند کیا تھا۔ جس میں محمد رفیع نے اپنی زندگی سے متعلق بعض اہم باتوں کا بھی انکشاف کیا تھا۔ اس کے علاوہ محمد رفیع نے مشہور مغنیہ لتا منگیشکر کے اس دعوے کا بھی راز فاش کیا تھا۔ جس نے اپنے گانوں کی تعداد کے بارے میں "گنیز بک آف ریکارڈز" میں درج کرایا تھا۔ امید ہے یہ انٹرویو قارئین کی دلچسپی کا باعث ہوگا
(ادارہ)

[illegible]

> محمد رفیع نے اپنی زندگی میں "ریکارڈ کمپنی" کو چیلنج کیا تھا کہ لتا منگیشکر کے مقابلے میں انہوں نے زیادہ گانے ریکارڈ کرائے ہیں۔ محمد رفیع نے کہا تھا "مجھے خود میاں مٹھو بننا پسند نہیں لیکن میں اپنے تیس چالیس سالہ تجربات کی بنیاد پر پورے اعتماد کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ لتا جی کے بارے میں آپ نے مبالغے سے کام لیا ہے اگر یہ معلومات خود لتا نے فراہم کی ہیں تو یہ بات انہیں زیب نہیں دیتی۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک جونیئر گلوکارہ ایک سینئر گانے والے سے زیادہ گانے ریکارڈ کرا سکے"۔

گروسری ۔ سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER

Tel. 762-1633

2783 Dundas St. West

Toronto, Ont.

fortnightly
al-Hilal

VOL.9, NO.15
OCTOBER 15, 1980
Phone: 424-1989, 493-4374

25¢

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

عید قرباں: بنیاد کعبہ کی سالگرہ

[illegible]

[illegible]



قارئین کو عید مبارک

مسلمانوں کی زندگی اور موت اللہ رب العالمین کے لئے ہے

[illegible]



بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو کینیڈا

سالانہ زر خریداری برائے کینیڈا و امریکہ : دس ڈالر
ششماہی : چھ ڈالر - دو سال کیلئے : اٹھارہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے۔

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ "الہلال" کے ساتھ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بھی حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے۔ ☐